فوری ریلیز کے لیے: 9/11/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نومبر کو ریاست نیویارک کے لیے مہینہ زیرِ تربیت کام قرار دینے کا اعلان کیا ہے

ریاست بھر میں متعدد ہنر مند تجارت میں 17,000 سے زائد رجسٹر شدہ تربیتی اور 900 سے زائد پروگرامز کے ساتھ نیویارک قومی سربراہی کے حامل پروگرام برائے زیرِ تربیت کام کا جشن منا رہا ہے

ریاست نیویارک کے محکمۂ لیبر نے امریکی LVMH کے رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام کے آغاز کے لیے عالمی شہرت یافتہ ٹیفنی اینڈ کمپنی پر ریاست گیر زیرِ تربیت کاموں کا دورہ شروع کیا

اعلامیہ یہاں پڑھیں

گورنر Kathy Hochul نے آج نومبر کو ریاست نیویارک مہینہ زیرِ تربیت کام قرار دینے کا ایک اعلامیہ جاری کیا ہے۔ یہ اعلامیہ نیویارک کے پروگرام برائے زیرِ تربیت کام کا جشن منا رہا ہے، جو مملکت کے سب سے بڑے پروگرامز میں سے ایک ہے، ریاست بھر میں متعدد ہنر مند تجارت میں 17,000 سے زائد رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کارکنان اور 900 سے زائد پروگرامز کا حامل ہے۔ رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کام کے پروگرامز نیویارک کے باشندوں کو تجرباتی تربیت اور زیادہ آمدنی اور بہترین فوائد کے حامل براہ راست کام کے تجربے سے کیریئر کے معیاری مواقع تک رسائی دینے کے لیے اہم راستہ پیش کرتے ہیں۔ ریاست نیویارک محکمہ لیبر نے آج ٹیفنی اینڈ کمپنی کا دورہ کیا تاکہ اپنی بنیادی کمپنی، LVMH، کے آغاز کا جشن منائے جو کہ ریاست نیویارک کا اوّلین رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام ہے۔ NYSDOL اس ماہ کے دوران ریاست بھر میں دیگر پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام کا دورہ جاری رکھے گا۔

"زیرِ تربیت کام کے پروگرامز مؤثر، زیادہ آمدنی والے کیریئرز کے لیے اہم آغازی راستے کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ہمیں ملکی نوعیت کے مضبوط اور مزید مستحکم پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام میں سے ایک کی نیویارک میں موجودگی پر فخر ہے، **"گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست نیویارک کے زیرِ تربیت کام کے ماہ کے افتتاح کے دوران، ہم بہت سے مقامی کاروباروں کا جشن مناتے ہیں جو کہ نیویارک کے ملازمت کے متلاشی باشندوں کے لیے اور ہزاروں رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کارکنان، لیبر گروپس، اور تجارتی تنظیموں کے لیے مواقع بڑھاتے ہیں جو اہم ملازمتوں پر بھرتی کرنے کا کام کرتے ہیں اور ہماری ریاست کے ٹیلنٹ کے سلسلے کو قائم کرتے ہیں۔"

ریاست نیویارک ملک کے سب سے بڑے پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام میں سے ایک کا حامل ہے۔ ریاست نیویارک میں 622 سپانسرز کے ذریعے چلنے والے 912 پروگرامز میں فی الحال 17,113 رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کارکنان متعدد ہنر مند تجارتوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ ریاست نیویارک میں رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کاموں میں شرکت میں اضافہ جاری ہے، صرف گزشتہ سال کے دوران 79 نئے پروگرامز اور 15 نئی تجارتیں شامل ہوئیں۔

رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کام کے پروگرامز دہائیوں سے تعمیراتی صنعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تاہم، حالیہ برسوں میں، تعمیراتی تجارتوں کی حدود سے باہر کی کمپنیز نے اس تعلیمی راستے کی قدر و قیمت کو تسلیم کیا ہے اور اپنے پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام شروع کیے ہیں۔ نیویارک کے مینوفیکچررز اتحاد جیسی تنظیمیں اور ٹیفنی اینڈ کمپنی جیسی کمپنیز ان پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام کی مستقبل میں توسیع کے لیے راہ ہموار کر رہی ہیں

جو نیویارک کے باشندوں کے لیے اہم ملازمتوں کے لیے نئے دروازے کھولیں گے اور ان میں بھرتیاں کرنے کے لیے ریاستی ٹیلنٹ کا سلسلہ تخلیق کریں گے۔

ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "رجسٹر شدہ زیر تربیت کام نیویارک کے باشندوں کو کامیاب ہونے کے لیے درکار مہارتیں سیکھنے کے دوران اپنی اور اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے پیسہ کمانے کے لیے بااختیار بناتے ہیں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اس قابل رواج پروگرام کو نمایاں کیا، جس سے نیویارک کے تمام پس منظر کے حامل افراد کو معاشی میدان میں فائدہ مند، مانگ رکھنے والے کیریئرز حاصل کرنے کا بے مثال موقع مل رہا ہے۔"

Gena Smith، چیف ہیومن ریسورس افسر، LVMH شمالی امریکہ نے کہا، "ہمارے Métiers D'Excellence رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام کے ذریعے، LVMH وسیع تر سامعین کے لیے ہنر مندانہ اور پُرآسائش دستکاریوں کو متعارف کروانے کی کوشش کرتا ہے اور ساتھ ہی ہمارے 75 سے زائد عالمی پُرتعیش برانڈز کے لیے ایک متنوع اور مستحکم ٹیلنٹ کا سلسلہ قائم کرتا ہے۔ ہم ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ٹیفنی اینڈ کمپنی کے ساتھ مل کر امریکہ میں زیورات کے ڈیزائن اور اختراع میں دستکاروں کی اگلی نسل کے پہلے ہم سلسلہ گروپ کو تربیت دی۔"

Mary Bellai، گلوبل چیف ہیومن ریسورس افسر، ٹیفنی اینڈ کمپنی نے کہا، "ہم اپنے حال ہی میں شروع کیے گئے سماجی اثرات کے پلیٹ فارم، ٹیفنی ایٹریئم کے بعد Métiers d'Excellence پروگرام کا آغاز کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔ Métiers d'Excellence اقدام ہمیں ٹیفنی ایٹریئم - تعلیم کے ہمارے بنیادی ستونوں میں سے ایک کے ذریعے ٹیفنی اینڈ کمپنی کی افرادی قوت کے تنوع اور شمولیت کو تقویت دینے کے قابل بنائے گا۔ ہماری کوششیں امریکہ میں طلباء، ابتدائی کیریئر کے پیشہ ور افراد اور تعلیمی اداروں کی طویل مدتی ترقی اور پیشرفت میں معاون ثابت ہوں گی۔"

ریاست نیویارک بلڈنگ ٹریڈز کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "چونکہ نیویارک اہم بنیادی ڈھانچے اور صاف توانائی کے پروجیکٹس میں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے، پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام اور پیشگی زیرِ تربیت کام جو عملی، آن سائٹ ٹریننگ پیش کرتے ہیں، تاجر مرد اور تاجر خواتین کی ایک انتہائی ہنر مند افرادی قوت کو تیار کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گے، جو ان اقدامات کو مؤثر طریقے سے آگے بڑھا سکیں گے۔ ہم نومبر کو ریاست نیویارک کے پروگرامز برائے زیرِ تربیت کام کے مہینے طور پر نامزد کر کے ان پروگراموں کے اہم کردار کو اجاگر کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہم پسماندہ کمیونٹیز اور متنوع پس منظر سے تعلق رکھنے والے نیویارک کے باشندوں کو اچھی اجرت والی ملازمتوں کی راہ اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والوں کو یونین شدہ انڈسٹری میں کیریئر پیش کرنے کی خاطر پُرعزم ہیں اور نیویارک کو بہتر بنانے میں ان افراد کے مسلسل تعاون کے منتظر ہیں۔"

MACNY اور نیویارک کے مینوفیکچررز الائنس کے صدر Randy Wolken نے کہا، "نیویارک کا رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام ریاست بھر میں توسیع اختیار کر رہا ہے، جو محنتی باشندوں کو کمانے کا موقع فراہم کرتا ہے کیونکہ وہ براہ راست کام کے تجربے سے سیکھتے ہیں۔ MACNY اور ہمارے اتحاد کے شراکت داروں کو رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام فراہم کرنے اور نئی اور ابھرتی ہوئی صنعتوں کی بڑھتی ہوئی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دینے کے لیے ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر، SUNY اور دیگر تربیتی اداروں کے ساتھ شراکت پر فخر ہے۔ ہم نومبر کو ریاست نیویارک کے لیے مہینہ برائے زیرِ تربیت کام قرار کرنے اور افرادی قوت کے ان جاری اقدامات کا ادراک کرنے اور ان کی حمایت کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

NYSDOL نے ریاست نیویارک کے مہینۂ زیرِ تربیت کام کا آغاز ٹیفنی اینڈ کمپنی کے ساتھ ریاست امریکہ میں Louis Vuitton Moët Hennessy کے پہلے Métiers d'Excellence پروگرام کے آغاز کے لیے ٹیفنی اینڈ کمپنی کا دورہ کر کے کیا۔ یہ رجسٹر شدہ پروگرام برائے زیرِ تربیت کام تاریخی طور پر پسماندہ کمیونٹیز سے فنکاروں کو بھرتی کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے مستقبل کے زیور سازوں کو ڈیزائن اور ریٹیل سروسز کی

تربیت فراہم کرے گا۔ افتتاحی پروگرام میں فی الحال آٹھ افرادی تربیت کار اندراج شدہ ہیں۔ SUNY کا فیشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی زیر تربیت کارکنوں کی تربیت میں مدد دے گا۔

ٹیفنی اینڈ کمپنی کے دورے کے علاوہ، NYSDOL رجسٹر شدہ پروگرامز برائے زیر تربیت کام سے ملاقات کرنے کے لیے ریاست کا سفر کرے گا جس میں کیپیٹل ریجن میں کلاس روم اکیڈمی، موہاک ویلی میں نیل کریک پب اور بریوری، مغربی نیویارک میں سٹی آف بفلو کا فائر ڈیپارٹمنٹ، سنٹرل نیویارک میں شیٹ میٹل ورکر لوکل 58، جنوبی سلسلے میں جیمس ٹاؤن لوکل #106 کے الیکٹریشنز JAC، موہاک ویلی میں اسٹریٹجک گلوبل ایوی ایشن LLC اور مزید شامل ہیں۔ ان واقعات کو NYSDOL کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نمایاں کیا جائے گا۔

NYSDOL ریاست نیویارک کے محکمہ تعلیم کے ساتھ شراکت داری میں ریاست نیویارک میں رجسٹر شدہ زیرِ تربیت کاموں کو نئے سیکٹرز میں پھیلانا جاری رکھے ہوئے ہے، جو پروگرامز کے ہدایتی جزو کی نگرانی فراہم کرتا ہے۔ پروگرام کا آغاز کرنے میں دلچسپی رکھنے والے کاروباروں کو NYSDOL کے زیر تربیت کاموں کا وسیلہ جاتی ویب پیج ملاحظہ کرنا چاہیئے۔

SUNY کی عبوری چانسلر Deborah F. Stanley نے کہا، "ریاست نیویارک کے محکمہ مزدوراں کے ساتھ SUNY کی دیرینہ شراکت داری اور ریاست بھر میں کاروبار کے نتیجے میں افرادی تربیت کے وسیع مواقع پیدا ہوتے ہیں جو ہر سال بڑھتے ہیں۔ مشہور ٹیفنی اینڈ کمپنی، ان کی بنیادی کمپنی اور عالمی لگژری لیڈر، LVMH، اور فیشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے درمیان یہ خاص تعاون ہماری قوم میں پہلی نوعیت کا ہے، اور ان آٹھ افراد کے لیے زیورات میں نئے ڈیزائن اور ریٹیل سروس کے لیے بھرپور کیریئر شروع کرنے کا ایک دلچسپ موقع فراہم کرتا ہے۔ ہم افرادی تربیتیں اور افرادی قوت کی ترقی کے لیے گورنر Hochul کے عزم اور ریاست نیویارک کی جاری سرمایہ کاری کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں، جو ہمارے پروگرامز میں اضافہ کرنے کے لیے ضروری ہیں۔"

فیشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی صدر ڈاکٹر Joyce Brown نے کہا، "LVMH اور ٹیفنی اینڈ کمپنی جیسی معروف کمپنیوں کے پروگرام برائے زیر تربیت کام اکیڈمیا اور انڈسٹری کے درمیان ایک راستہ بنا رہے ہیں جو ہمارے FIT کے باصلاحیت طلباء کو کامیاب کیریئرز کے لیے ضروری تجربہ اور مہارتیں پیدا کرنے کا راستہ فراہم کرتے ہیں۔ زیر تربیت کام طویل عرصے سے افرادی قوت کی نشوونما کا ایک اہم حصہ رہے ہیں اور میں یہ اہم اقدام اٹھانے کے لیے گورنر Hochul اور محکمہ لیبر کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جو کاروباروں کو پورے NYS میں ٹیلنٹ پول تک رسائی فراہم کرتا ہے۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ تعلیم کی کمشنر Betty A. Rosa نے کہا، "جب ہم اپنے کام کا اشتراک کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں، تو ہماری اجتماعی صلاحیت بڑھ جاتی ہے، اور ہمارے تمام طلباء کو فائدہ ہوتا ہے۔ ایک کیریئر کا راستہ جس میں زیرِ تربیت کام شامل ہو افراد کو بیک وقت کیریئر شروع کرنے اور سیکھنے کی اجازت دیتا ہے، جو کہ موجودہ کیریئرز کے لیے ایک مستحکم بنیاد فراہم کرتا ہے۔"

ریاست نیویارک بورڈ آف ریجنٹس کے چانسلر Lester W. Young, Jr. نے کہا، "یہ بہت اہم ہے کہ ہم بڑھتے ہوئے مسابقتی عالمی ماحول میں کامیابی کے لیے درکار مواقع، علم اور مہارتیں فراہم کریں۔ افرادی تربیتیں متعلقہ کلاس روم کی تعلیم کے ساتھ مل کر کام کے دوران تربیت فراہم کرتی ہے، جو طلباء کے لیے بند دروازے کھول سکتی ہے۔"

###